نُوْرًا وَّفِيْ بَشَرِيْ نُوْرًا وَّفِيْ لِسَانِيْ نُوْرًا ط وَّ

میں نور کر دیجئے اور میری جلد میں اور میری زبان میں اور

اجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا وَّ

میری جان میں نور کر دیجئے اور مجھے نورِ عظیم عطا کیجئے اور مجھے

اجْعَلْنِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَّ

سراپا نور کر دیجئے اور میرے اوپر اور میرے

مِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا ؕ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا ؕ اَللّٰهُمَّ

نیچے نور کر دیجئے یااللہ! مجھے نور عطا فرمایئے یااللہ!

افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ط وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ

ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دیجئے اور اپنے رزق کے دروازے ہمارے

رِزْقِكَ ؕ اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِیْ مِنَ الشَّيْطَانِ ؕ

لیے آسان کر دیجئے۔ یااللہ! مجھے شیطان سے محفوظ رکھیے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ ؕ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ

یااللہ! میں آپ سے آپکا فضل و کرم طلب کرتا ہوں یااللہ! میری تمام

لِیْ خَطَايَایَ وَذُنُوْبِیْ كُلَّهَا ؕ اَللّٰهُمَّ انْعَشْنِیْ وَ

خطائیں اور قصور بخش دیجئے یااللہ! مجھے بلندی دیجئے اور

اَحْيِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَاهْدِنِیْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ

مجھے زندہ رکھیئے اور مجھے رزق دیجئے اور مجھے اچھے اعمال و اخلاق

وَالْاَخْلَاقِ ط اِنَّهٗ لَا يَهْدِيْ لِصَالِحِهَا وَ

کی طرف ہدایت دیجئے۔ بے شک! نہ خوش اعمالیوں کی طرف کوئی رہبری کرتا ہے اور

لَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

نہ بداعمالیوں سے بچاتا ہے سوائے آپ کے۔ یااللہ! میں آپ سے

اَسْاَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا

پاک رزق طلب کرتا ہوں اور کارآمد (نفع دینے والا) علم اور مقبول عمل

مُّتَقَبَّلًا ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ

طلب کرتا ہوں۔ یااللہ! میں آپ کا بندہ ہوں اور آپکے بندے کا بیٹا ہوں

وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ

اور آپکی بندی کا بیٹا ہوں ہمہ تن آپکے قبضے میں ہوں میرے بارے میں

حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَآؤُكَ ط اَسْاَلُكَ بِكُلِّ

آپکا حکم نافذ ہے میرے بارے میں آپکا فیصلہ عین عدل ہے میں آپ سے ہر (اُس) نام

اسْمٍ هُوَلَكَ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ ط اَوْ اَنْزَلْتَهٗ

کے واسطے سے جس سے آپنے اپنی ذات کو موسوم (موصوف) کیا ہے یا اُس کو اپنی

فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ ط

کتاب میں اتارا ہے یا اسے اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے

اَوِاسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ ط

یا اسے اپنے پاس غیب ہی میں رہنے دیا ہے درخواست کرتا ہوں

اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ رَبِيْعَ قَلْبِيْ وَ

کہ قرآنِ عظیم کو میرے دل کی بہار بنا دیجئے اور (اسکو)

نُوْرَ بَصَرِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ ۞

میری آنکھ کا نور اور میرے غم کی کشادگی اور میری فکر کا دفعیہ بنا دیجئے

اَللّٰهُمَّ اِلٰهَ جِبْرَئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ ط

یااللہ! جبرئیل اور میکائیل اور اسرافیل کے معبود

وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ عَافِنِيْ ط

اور ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ کے معبود مجھے عافیت دیجئے

وَلَا تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَيَّ بِشَيْءٍ

اور میرے اوپر اپنی مخلوق میں سے کسی کو ایسی چیز کے ساتھ مسلط نہ کیجئے

لَا طَاقَةَ لِيْ بِهٖ ۞ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ

جسکی مجھ میں برداشت نہ ہو۔ یااللہ! مجھے اپنا حلال رزق عطا فرما کر

عَنْ حَرَامِكَ ط وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ

حرام روزی سے بچا لیجئے اور اپنے فضل و کرم سے مجھے اپنے ماسوا سے

سِوَاكَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَسْمَعُ كَلَامِيْ وَتَرٰى

بے نیاز کر دیجئے۔ یااللہ! آپ میری بات کو سنتے ہیں اور میری جگہ

مَكَانِيْ ط وَتَعْلَمُ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتِيْ ط لَا يَخْفٰى

کو دیکھتے ہیں اور میرے پوشیدہ اور ظاہر کو جانتے ہیں۔ آپ سے میری

عَلَيْكَ شَيْءٌ مِّنْ اَمْرِيْ ط وَاَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِيْرُ

کوئی بات چھپی نہیں رہ سکتی۔ میں مصیبت زدہ ہوں محتاج ہوں

الْمُسْتَغِيْثُ الْمُسْتَجِيْرُ الْوَجِلُ الْمُشْفِقُ

فریادی ہوں پناہ جو ہوں ترساں ہوں ہراساں ہوں

الْمُقِرُّ الْمُعْتَرِفُ بِذَنْبِيْ ط اَسْاَلُكَ مَسْاَلَةَ

اپنے گناہ کا اقرار کرنے والا ہوں اعتراف کرنے والا (ماننے والا) ہوں آپکے آگے سوال کرتا ہوں

الْمِسْكِيْنِ ط وَاَبْتَهِلُ اِلَيْكَ ابْتِهَالَ الْمُذْنِبِ

جیسے بیکس سوال کرتے ہیں آپکے آگے گڑگڑاتا ہوں جیسے گناہ گار

الذَّلِيْلِ ط وَاَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْخَآئِفِ الضَّرِيْرِ وَ

ذلیل و خوار گڑگڑاتا ہے اور میں آپ سے نابینا خوفزدہ کی طرح مانگتا ہوں اور

دُعَآءَ مَنْ خَضَعَتْ لَكَ رَقَبَتُهٗ ط وَفَاضَتْ

جیسے وہ شخص طلب کرتا ہے جسکی گردن آپ کے سامنے جھکی ہوئی ہو اور آنسو

لَكَ عَبْرَتُهٗ وَذَلَّ لَكَ جِسْمُهٗ وَرَغِمَ لَكَ

بہہ رہے ہوں اور تن بدن سے وہ آپکے آگے عاجزی کیے ہوئے ہو اور اپنی

اَنْفُهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْنِیْ بِدُعَآئِكَ شَقِيًّا

ناک آپکے سامنے رگڑرہا ہو۔ یااللہ! آپ مجھے اپنے سے دعا مانگنے میں ناکام نہ رکھیئے اور

وَّكُنْ بِیْ رَءُوْفًا رَّحِيْمًا يَّا خَيْرَ الْمَسْئُوْلِيْنَ

میرے حق میں بڑے مہربان نہایت رحم والے ہو جائیے اے سب سے بہتر وہ ذات جس سے مانگا جائے

وَيَا خَيْرَ الْمُعْطِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ اَشْكُوْ

اے سب دینے والوں سے بہتر یااللہ! میں آپ ہی سے اپنی

ضُعْفَ قُوَّتِیْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِیْ وَهَوَانِیْ عَلَى

قوت کی کمزوری کا اور اپنی کم سامانی کا اور لوگوں کی نظر میں اپنی کم وقعتی

النَّاسِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِیْ

کا شکوہ کرتا ہوں اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے آپ مجھے کس کے سپرد کرتے ہیں؟

اِلٰى عَدُوٍّ يَّتَهَجَّمُنِیْ اَمْ اِلٰى قَرِيْبٍ مَّلَّكْتَهٗ

آپ کسی دشمن کے جو مجھے دبائے (مجھ پر سینہ زوری کرے) یا کسی دوست کے جسکے قبضے میں

اَمْرِیْ اِنْ لَّمْ تَكُنْ سَاخِطًا عَلَیَّ فَلَا

میرے سب کام دے رہے ہیں اگر آپ مجھ سے ناخوش نہ ہوں تو مجھے (ان میں سے کسی چیز

اُبَالِىْ غَيْرَ اَنَّ عَافِيَتَكَ اَوْسَعُ لِىْ ۚ اَللّٰهُمَّ

کی) پرواہ نہیں ہے مگر پھر بھی آپکی دی ہوئی عافیت میں میرے لیے زیادہ گنجائش ہے یااللہ!

اِنَّا نَسْئَلُكَ قُلُوْبًا اَوَّاهَةً مُّخْبِتَةً مُّنِيْبَةً

ہم آپ سے ایسے دل سے مانگتے ہیں جو بہت اثر قبول کرنے والے ہوں، بہت عاجزی کرنے والے ہوں

فِىْ سَبِيْلِكَ ۚ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ اِيْمَانًا

بہت رجوع کرنے والے ہوں آپکی راہ میں۔ یااللہ! میں آپ سے وہ ایمان مانگتا ہوں جو میرے

يُّبَاشِرُ قَلْبِىْ وَيَقِيْنًا صَادِقًا حَتّٰى اَعْلَمَ اَنَّهٗ

دل میں پیوست ہو جائے اور وہ پختہ یقینی (مانگتا ہوں) جس سے میں سمجھ لوں کہ مجھ

لَا يُصِيْبُنِىْ اِلَّا مَا كَتَبْتَ لِىْ ط وَرِضًى مِّنَ

تک کوئی چیز نہیں پہنچ سکتی مگر وہی جو آپ میرے لیے لکھ چکے ہیں اور اس چیز پر رضا مندی (مانگتا ہوں)

الْمَعِيْشَةِ بِمَا قَسَمْتَ لِىْ ۚ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

جو آپنے معاش میں سے میرے حصہ میں کردی ہے۔ یااللہ! آپکے لیے کل تعریف ہے

كَالَّذِىْ تَقُوْلُ وَخَيْرًا مِّمَّا نَقُوْلُ ۚ اَللّٰهُمَّ

جیسی کہ آپ فرماتے ہیں اور اس سے بڑھ کر جو ہم کہتے ہیں۔ یااللہ!

اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ الْاَخْلَاقِ

میں ناپسندیدہ اخلاق و اعمال اور نفسانی خواہشوں

وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ ط وَنَعُوْذُبِكَ

اور بیماریوں سے آپکی پناہ میں آتا ہوں اور ہم اس چیز سے آپکی

مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ

پناہ میں آتے ہیں جس سے آپکے نبی محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط وَمِنْ جَارِ

صلی اللہ علیہ و سلم نے پناہ مانگی ہے (اور پناہ مانگتے ہیں)

السُّوْٓءِ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ

مستقل قیام گاہ میں بُرے پڑوسی سے کیونکہ سفر کا ساتھی

الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ ط وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَشَمَاتَةِ

تو چل ہی دیتا ہے (اور ہم پناہ مانگتے ہیں) دشمن کے غلبے سے اور دشمنوں

الْاَعْدَآءِ وَمِنَ الْجُوْعِ ط فَاِنَّهٗ بِئْسَ

کے طعنے سے اور بھوک سے کہ وہ بری ہم خواب ہے

الضَّجِيْعُ وَمِنَ الْخِيَانَةِ فَبِئْسَتِ الْبِطَانَةُ ط

اور خیانت سے کہ وہ بُری ہم راز ہے

وَاَنْ نَّرْجِعَ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا اَوْنُفْتَنَ عَنْ

اور (پناہ مانگتے ہیں) اس سے کہ ہم پچھلے پیروں لوٹ جائیں یافتنہ میں پڑکر

دِيْنِنَا ط وَمِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا

دین سے الگ ہوجائیں۔ اور (ہم پناہ مانگتے ہیں) سارے فتنوں سے جو ظاہری ہوں یا

بَطَنَ ط وَمِنْ يَّوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَّيْلَةِ

باطنی اور پناہ مانگتے ہیں برے دن سے اور بری رات سے

السُّوْٓءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ

اور بری گھڑی سے اور

صَاحِبِ السُّوْٓءِ ۞

برے ساتھی سے۔

بسم الله الرحمن الرحیم

چوتھی منزل
بروز منگل

اَلْمَنْزِلُ الرَّابِعُ یَوْمَ الثُّلٰثَآءِ

چوتھی منزل بروز منگل

[۱۱۳] اَللّٰهُمَّ لَكَ صَلٰوتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَ

یااللہ! آپ ہی کے لیے ہے میری نماز اور میری عبادت اور میرا جینا اور

مَمَاتِیْ وَاِلَیْكَ مَاٰبِیْ وَلَكَ رَبِّ تُرَاثِیْ [۱۱۴] اَللّٰهُمَّ

مرنا اور آپ ہی کی طرف ہے میرا رجوع اور آپ ہی کا ہے جو کچھ میں چھوڑ جاؤنگا۔ یااللہ!

اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَجِیْٓءُ بِهِ الرِّیَاحُ

میں آپ سے ان چیزوں کی بھلائی مانگتا ہوں جنہیں ہوائیں لاتی ہیں۔

[۱۱۵] اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْٓ اُعَظِّمُ شُكْرَكَ وَ اُكْثِرُ

یااللہ! مجھے ایسا بنا دیجئے کہ میں آپکا بڑا شکر کرتا رہوں اور آپکا بہت

ذِكْرَكَ وَاَتَّبِعُ نَصِیْحَتَكَ وَاَحْفَظُ وَصِیَّتَكَ

ذکر کرتا رہوں اور آپکی نصیحتوں کو مانتا رہوں اور آپکی ہدایتوں کو یاد رکھوں۔

[۱۱۶] اَللّٰهُمَّ اِنَّ قُلُوْبَنَا وَنَوَاصِیَنَا وَجَوَارِحَنَا

یااللہ! ہمارے دل اور ہم خود سرتاپا اور ہمارے اعضاء (سب)

بِیَدِكَ لَمْ تُمَلِّكْنَا مِنْهَا شَیْئًا فَاِذَا فَعَلْتَ

آپ ہی کے قبضے میں ہیں آپ نے ہمیں ان میں سے کسی چیز پر بھی اختیار (کامل) نہیں دیا ہے

ذٰلِكَ بِنَا فَكُنْ اَنْتَ وَلِيَّنَا وَاهْدِنَا اِلٰى سَوَآءِ

پس جب آپ نے ہمارے ساتھ یہ معاملہ کیا ہے تو آپ ہی ہمارے مددگار رہیئے اور ہمیں سیدھی

السَّبِيْلِ ۞ ١١٧ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ الْاَشْيَآءِ

راہ دکھاتے رہیئے۔ یااللہ! اپنی محبت کو میرے لیے تمام چیزوں سے محبوب تر

اِلَيَّ ط وَاجْعَلْ خَشْيَتَكَ اَخْوَفَ الْاَشْيَآءِ

اور اپنے خوف کو میرے لیے تمام چیزوں سے خوفناک تر بنا دیجئے

عِنْدِيْ ط وَاقْطَعْ عَنِّيْ حَاجَاتِ الدُّنْيَا

اور مجھے اپنی ملاقات کا شوق دیکر دنیا کی حاجتیں

بِالشَّوْقِ اِلٰى لِقَآئِكَ ط وَاِذَآ اَقْرَرْتَ اَعْيُنَ

مجھ سے ختم فرمادیجئے اور جہاں آپ نے دنیا والوں

اَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ دُنْيَاهُمْ ط فَاَقْرِرْ عَيْنِيْ

کی آنکھیں انکی دنیا سے ٹھنڈی کر رکھی ہیں ، میری آنکھیں اپنی

مِنْ عِبَادَتِكَ ۞ ١١٨ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْأَلُكَ الصِّحَّةَ

عبادت سے ٹھنڈی رکھیئے۔ یااللہ! میں آپ سے تندرستی مانگتا ہوں

وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ وَ

اور پاکبازی اور امانت اور حُسنِ خلق اور

الرِّضٰی بِالْقَدَرِ۞ اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُكْرًا

تقدیر پر راضی رہنا (مانگتا ہوں) یااللہ! آپ ہی کے لیے ہر تعریف ہے شکر کے ساتھ

وَّلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا۞ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

اور آپ ہی کا حصہ ہے فضل و کرم کے ساتھ ہر طرح کا احسان کرنا۔ یااللہ! میں آپ سے

التَّوْفِیْقَ لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ ط وَصِدْقَ

توفیق طلب کرتا ہوں آپکے پسندیدہ اعمال کی اور آپ پر سچے

التَّوَكُّلِ عَلَیْكَ وَحُسْنَ الظَّنِّ بِكَ۞

توکل کی اور آپکے ساتھ نیک گمان رکھنے کی۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِیْ لِذِكْرِكَ ط وَ

یااللہ! میرے دل کے کان اپنے ذکر کے لیے کھول دیجئے اور

ارْزُقْنِیْ طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُوْلِكَ وَ

مجھے اپنی اور اپنے رسول کی فرمانبرداری نصیب فرمائیے اور اپنی کتاب پر عمل

عَمَلًا بِكِتَابِكَ۞ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْٓ اَخْشَاكَ

(کی توفیق) نصیب فرمائیے یااللہ! مجھے ایسا بنادیجئے کہ میں آپ سے اسطرح ڈرا کروں

كَاَنِّیْٓ اَرَاكَ اَبَدًا حَتّٰٓی اَلْقَاكَ ط وَاَسْعِدْنِیْ

کہ گویا میں ہر وقت آپکو دیکھتا ہوں یہاں تک کہ میں آپ سے آملوں اور مجھے تقویٰ کی

بِتَقْوَاكَ وَلَا تُشْقِنِيْ بِمَعْصِيَتِكَ ۝۱۳۲ اَللّٰهُمَّ

سعادت بخشیئے اور اپنی (نافرمانی) سے مجھے شقی نہ بنائیے۔ یااللہ!

اُلْطُفْ بِيْ فِيْ تَيْسِيْرِ كُلِّ عَسِيْرٍ فَاِنَّ تَيْسِيْرَ

ہر دشوار کو آسان کرکے مجھ پر فضل وکرم فرمادیجئے کیونکہ

كُلِّ عَسِيْرٍ عَلَيْكَ يَسِيْرٌ وَاَسْأَلُكَ الْيُسْرَ

ہر دشوار کو آسان کرنا آپ کے لیے آسان ہے اور میں آپ سے

وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۝ اَللّٰهُمَّ

دنیا و آخرت (دونوں) میں معافی اور سہولت کی درخواست کرتا ہوں۔ یااللہ! مجھ

اعْفُ عَنِّيْ فَاِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ ۝۱۳۳ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ

سے درگزر فرمائیے کیونکہ آپ بڑے معاف کرنے والے اور بڑے رحم فرمانے والے ہیں۔ یااللہ! میرے دل کو

قَلْبِيْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِيْ مِنَ الرِّيَاءِ وَلِسَانِيْ

نفاق سے پاک فرمادیجئے اور میرے عمل کو ریاء سے اور میری زبان کو

مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِيْ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّكَ

جھوٹ سے اور میری آنکھ کو خیانت سے کیونکہ آپ پر تو

تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ ۝

روشن ہیں آنکھوں کی چوریاں بھی اور جو کچھ دل میں چھپائے رکھتے ہیں وہ بھی۔

۱۲۴ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ عَیْنَیْنِ ھَطَّالَتَیْنِ تَسْقِیَانِ

یااللہ! مجھے برسنے والی آنکھیں نصیب فرمائیے جو دل کو آپکی خشیت کی

الْقَلْبَ بِذُرُوْفِ الدَّمْعِ مِنْ خَشْیَتِکَ قَبْلَ

بناء پر بہتے ہوئے آنسوؤں سے سیراب کردیں قبل

اَنْ تَکُوْنَ الدُّمُوْعُ دَمًا وَّالْاَضْرَاسُ جَمْرًا ۝

اس کے کہ آنسو خون ہوجائیں اور داڑھیں انگارے بن جائیں۔

۱۲۵ اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِیْ قُدْرَتِکَ وَاَدْخِلْنِیْ فِیْ

یااللہ! مجھے اپنی قدرت سے امن و چین دیجئے اور مجھے اپنی رحمت

رَحْمَتِکَ وَاقْضِ اَجَلِیْ فِیْ طَاعَتِکَ وَ

میں داخل فرمالیجئے اور میری عمر اپنی طاعت میں گذار دیجئے اور

اخْتِمْ لِیْ بِخَیْرِ عَمَلِیْ وَاجْعَلْ ثَوَابَہُ الْجَنَّۃَ ۝

میرا خاتمہ میرے بہترین عمل پر فرمادیجئے اور اسکے بدلے جنت عطا فرمائیے۔

۱۲۶ اَللّٰھُمَّ فَارِجَ الْھَمِّ کَاشِفَ الْغَمِّ مُجِیْبَ

اے اللہ! فکر کے دور کرنے والے! غم کے زائل کرنے والے! بے قراروں

دَعْوَۃِ الْمُضْطَرِّیْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَرَحِیْمَھَا

کی دُعا قبول فرمانے والے دنیا کے رحمٰن و رحیم

اَنْتَ تَرْحَمُنِیْ فَارْحَمْنِیْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِیْنِیْ بِهَا

مجھ پر آپ ہی رحم کریں گے، (لہٰذا) مجھ پر ایسی رحمت فرمائیے کہ اسکی بناء پر

عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ ۝۱۲۷ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ

آپ مجھے اپنے سوا ہر ایک کی رحمت سے بے پروا کر دیجئے۔ یااللہ! میں آپ سے

مِنْ فُجَاءَةِ الْخَیْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فُجَاءَةِ

غیر متوقع بھلائی مانگتا ہوں اور ناگہانی برائی سے آپکی پناہ

الشَّرِّ ۝۱۲۸ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ

مانگتا ہوں یااللہ! آپ ہی کا نام سلام ہے اور آپ ہی سے سلامتی کی ابتدا ہے

وَاِلَیْكَ یَعُوْدُ السَّلَامُ اَسْأَلُكَ یَا ذَا الْجَلَالِ

اور آپ ہی کی طرف ہر سلامتی لوٹتی ہے اے صاحبِ عزت

وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِیْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا وَاَنْ

اور جلال! میں آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ آپ ہمارے حق میں ہماری دعا قبول فرمالیجئے

تُعْطِیَنَا رَغْبَتَنَا وَاَنْ تُغْنِیَنَا عَمَّنْ اَغْنَیْتَهٗ

اور آپ ہماری خواہشیں پوری کر دیجئے اور آپ نے اپنی مخلوق میں جن کو ہم سے غنی کر دیا ہے ان سے ہم کو

عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ ۝۱۲۹ اَللّٰهُمَّ خِرْلِیْ وَاخْتَرْلِیْ ۝۱۳۰ اَللّٰهُمَّ

بھی غنی کر دیجئے۔ یا اللہ! آپ ہی میرے لیے (چیزوں کو) چھانٹ لیجئے اور پسند فرمالیجئے۔ یااللہ!

اَرْضِنِیْ بِقَضَائِكَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ مَا قُدِّرَ لِیْ

مجھے اپنے فیصلے پر راضی رکھیئے اور جو کچھ میرے لیے مقدر کردیا گیا ہے اسمیں برکت عطا فرمایئے

حَتّٰی لَآ اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَآ اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِیْرَ

تاکہ جو چیز آپنے دیر میں رکھی ہے اسکے لیے میں جلدی نہ چاہوں اور جو چیز آپ نے جلد رکھی ہے

مَا عَجَّلْتَ ۞[۱۳۱] اَللّٰهُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَةِ ۞

اسمیں دیر نہ چاہوں۔ یااللہ! عیش تو بس عیشِ آخرت ہی ہے اور (اسکے سوا) کوئی نہیں

[۱۳۲] اَللّٰهُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْكِیْنًا وَّاَمِتْنِیْ مِسْكِیْنًا

یااللہ! مجھے خاکسار بنا کر زندہ رکھیئے اور خاکساری کی حالت میں موت دیجئے

وَّاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِیْنِ ۞[۱۳۳] اَللّٰهُمَّ

اور خاکساری میں ہی مجھے اٹھا لیجئے۔ یااللہ!

اجْعَلْنِیْ مِنَ الَّذِیْنَ اِذَآ اَحْسَنُوا اسْتَبْشَرُوْا

مجھے ان لوگوں میں بنا دیجئے جو جب نیک کام کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں

وَاِذَآ اَسَآءُوا اسْتَغْفَرُوْا ۞[۱۳۴] اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُكَ

اور جب کوئی برائی کرتے ہیں تو مغفرت چاہنے لگتے ہیں ۔ یااللہ! میں آپ سے آپ کی

رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِكَ تَهْدِیْ بِهَا قَلْبِیْ وَتَجْمَعُ بِهَا

خاص رحمت مانگتا ہوں جس سے آپ میرے دل کو ہدایت کریں اور اس سے میرے

اَمْرِیْ وَتُلِمُّ بِهَا شَعَثِیْ وَتُصْلِحُ بِهَا دِیْنِیْ وَ

کاموں کو جمعیت دیں (یعنی ایسی رحمت جس سے میرے سارے کام بن جائیں) اور آپ سے ایسی رحمت مانگتا ہوں

تَقْضِیْ بِهَا دَیْنِیْ وَتَحْفَظُ بِهَا غَآئِبِیْ وَتَرْفَعُ

جس سے میری ابتری کو درست کردیں (یعنی الجھنیں سلجھ جائیں) اور اس سے میرے دین کو سنوار دیں

بِهَا شَاهِدِیْ وَتُبَیِّضُ بِهَا وَجْهِیْ وَتُزَکِّیْ بِهَا

اور اس سے میرے قرضے کو ادا کردیں اور اس ہدایت کے ذریعے میری نظر سے غائب چیزوں کی نگہبانی کیجئے

عَمَلِیْ وَتُلْهِمُنِیْ بِهَا رَشَدِیْ وَتَرُدُّ بِهَا اُلْفَتِیْ

اور اس سے میری پیش نظر چیزوں کو بلندی عطا کیجئے اور اس سے میرا چہرہ نورانی کردیجئے اور اس سے میرا عمل پاکیزہ کردیجئے اور اس سے ہدایت

وَتَعْصِمُنِیْ بِهَا مِنْ کُلِّ سُوْٓءٍ ۱۳۵ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ

میرے دل میں ڈال دیجئے اور اس سے لوٹا دے میری الفت کو اور اس ہدایت کے واسطے سے مجھے ہر برائی سے بچائے رکھنا یا اللہ! مجھے ایسا ایمان

اِیْمَانًا لَّا یَرْتَدُّ وَیَقِیْنًا لَّیْسَ بَعْدَهٗ کُفْرٌ وَّرَحْمَةً

دیجئے جو نہ پھرے اور ایسا یقین کہ اس کے بعد کفر نہ ہو اور ایسی رحمت

اَنَالُ بِهَا شَرَفَ کَرَامَتِكَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ

(دیجئے) کہ اس کے ذریعے سے دنیا اور آخرت میں آپ کے یہاں کی عزت کا شرف پالوں

۱۳۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْفَوْزَ فِی الْقَضَآءِ وَنُزُلَ

یا اللہ! میں آپ سے قسمت میں کامیابی مانگتا ہوں اور

الشُّهَدَآءِ وَعَيْشَ السُّعَدَآءِ وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِيَآءِ

شہیدوں کی سی مہمانی اور نیکوں کا سا عیش اور انبیا علیہم السلام کی رفاقت

وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَآءِ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۞

اور دشمنوں پر فتح (مانگتا ہوں) بے شک آپ دعاؤں کے سننے والے ہیں۔

١٣٧ اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَأْيِيْ وَضَعُفَ عَنْهُ

یااللہ! جو بھلائی بھی ایسی ہو کہ اس تک پہنچنے سے میری سمجھ قاصر رہ گئی ہو

عَمَلِيْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مُنْيَتِيْ وَمَسْأَلَتِيْ مِنْ

اور میرا عمل وہاں تک ساتھ نہ دے سکا ہو اور (اس) بھلائی تک میری آرزو اور میرے سوال کی

خَيْرٍ وَّعَدْتَّهٗ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ

رسائی نہ ہو اور آپ نے اس بھلائی کا وعدہ اپنی مخلوق میں سے کسی سے بھی کیا ہویا جو ایسی

مُعْطِيْهِ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ فَاِنِّيْٓ اَرْغَبُ

بھلائی ہو کہ آپ اپنے بندوں میں سے کسی کو بھی دینے والے ہوں تو میں آپ سے اسکی خواہش کرتا ہوں اور

اِلَيْكَ فِيْهِ وَاَسْأَلُكَ بِرَحْمَتِكَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۞

آپ سے آپکی رحمت کے واسطے سے طلب کرتا ہوں اے جہانوں کے پروردگار!

١٣٨ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اُنْزِلُ بِكَ حَاجَتِيْ وَاِنْ قَصُرَ

یااللہ! میں اپنی خواہش آپکے حوالے کرتا ہوں گو میری سمجھ

رَأَيِّ وَضَعُفَ عَمَلِي افْتَقَرْتُ اِلٰى رَحْمَتِكَ

کوتاہی کرے اور میرا عمل ضعیف رہے میں محتاج ہوں آپ کی رحمت کا

فَاَسْئَلُكَ يَا قَاضِيَ الْاُمُوْرِ وَيَا شَافِيَ الصُّدُوْرِ

اے سب کاموں کے پورا کرنے والے اور اے دلوں کے شفا دینے والے!

كَمَا تُجِيْرُ بَيْنَ الْبُحُوْرِ اَنْ تُجِيْرَنِيْ مِنْ عَذَابِ

میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ جسطرح آپنے سمندروں کے درمیان فاصلہ رکھا ہے آپ مجھے بھی دوزخ

السَّعِيْرِ وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْقُبُوْرِ

کے عذاب سے اور (جہنم کے عذاب سے دل برداشتہ ہوکر) موت کو پکارنے سے اور قبروں کے فتنہ سے دور رکھیے۔

١٣٩ اَللّٰهُمَّ ذَا الْحَبْلِ الشَّدِيْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِيْدِ

یااللہ! مضبوط ڈور والے اور درست حکم والے!

اَسْئَلُكَ الْاَمْنَ يَوْمَ الْوَعِيْدِ وَالْجَنَّةَ يَوْمَ

میں آپ سے حشر میں امن کی طلب کرتا ہوں اور آخرت میں جنت کی

الْخُلُوْدِ مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ الشُّهُوْدِ الرُّكَّعِ

درخواست کرتا ہوں ان لوگوں کے ساتھ جو مقرب اور حاضر باش ہیں بڑے رکوع کرنے والے ہیں

السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ بِالْعُهُوْدِ اِنَّكَ رَحِيْمٌ

بڑے سجدہ کرنے والے ہیں اور اپنے اقراروں کو پورا کرنے والے ہیں بے شک آپ بڑے مہربان ہیں

وَدُوْدٌ وَّاِنَّكَ تَفْعَلُ مَا تُرِيْدُ ﴿١٤٠﴾ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا

بڑے شفیق ہیں اور آپ جو چاہیں کرسکتے ہیں۔ یااللہ! ہمیں

هَادِيْنَ مُهْتَدِيْنَ غَيْرَ ضَآلِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ ط

راہ نما اور راہ یاب بنادیجئے نہ کہ بے راہ اور بھٹکانے والے

سِلْمًا لِّاَوْلِيَآئِكَ وَحَرْبًا لِّاَعْدَآئِكَ ط نُحِبُّ

اور ہمیں بنادیجئے اپنے دوستوں کا دوست اور اپنے دشمنوں کا دشمن ہم آپکی مخلوق میں

بِحُبِّكَ مَنْ اَحَبَّكَ ط وَنُعَادِيْ بِعَدَاوَتِكَ

اسی کو دوست رکھیں جو آپکو دوست رکھتا ہو اور اسے دشمن

مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ ﴿١٤١﴾ اَللّٰهُمَّ هٰذَا

رکھیں جو آپکا نافرمان ہو۔ یااللہ! یہ

الدُّعَآءُ وَعَلَيْكَ الْاِجَابَةُ ط وَهٰذَا الْجُهْدُ وَعَلَيْكَ

دعاہے اور قبول کرنا آپکا کام ہے اور یہ (میری) کوشش ہے اور بھروسہ

التُّكْلَانُ ﴿﴾ اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْٓ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ

آپ ہی کے اوپر ہے یااللہ! مجھے ایک پلک بھر کے لیے بھی اپنے نفس کے حوالے نہ کیجئے

عَيْنٍ ط وَلَا تَنْزِعْ مِنِّيْ صَالِحَ مَآ اَعْطَيْتَنِيْ ﴿﴾

اور جو بھی اچھی چیزیں آپ نے مجھے دی ہیں وہ مجھ سے واپس نہ لیجئے

١٤٢ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِاِلٰهٍ اِسْتَحْدَثْنَاهُ وَلَا بِرَبٍّ
یااللہ! آپ ایسے خدا نہیں ہیں جسے ہم نے گھڑ لیا ہو اور نہ ایسے پروردگار ہیں

يَّبِيْدُ ذِكْرُهٗ ابْتَدَعْنَاهُ وَلَا عَلَيْكَ شُرَكَآءُ
جسکا ذکر ناپائیدار ہے کہ ہم نے اسے بنا لیا ہو اور نہ آپ کے اور ساتھی ہیں

يَّقْضُوْنَ مَعَكَ وَلَا كَانَ لَنَا قَبْلَكَ
جو حکم میں آپکے شریک ہیں اور نہ ہی آپ سے پہلے ہمارا کوئی

مِنْ اِلٰهٍ نَّلْجَأُ اِلَيْهِ وَنَذَرُكَ وَلَآ اَعَانَكَ
خدا تھا جس سے ہم پناہ حاصل کرتے رہے ہوں اور آپکو چھوڑ دیتے ہوں اور نہ

عَلٰى خَلْقِنَآ اَحَدٌ فَنُشْرِكَهٗ فِيْكَ تَبَارَكْتَ وَ
کسی نے ہمارے پیدا کرنے میں آپکی مدد کی ہے کہ ہم اسکو آپکے ساتھ شریک سمجھیں آپ بابرکت ہیں اور

تَعَالَيْتَ فَنَسْئَالُكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اغْفِرْلِيْ
آپ برتر ہیں پس ہم آپ سے اے وہ (ذات) کہ آپکے سوا کوئی معبود نہیں درخواست کرتے ہیں کہ آپ ہمیں بخش دیں

١٤٣ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِيْ وَاَنْتَ تَوَفّٰهَا لَكَ
یااللہ! آپ ہی نے میری جان کو پیدا کیا ہے اور آپ ہی اسے موت دینگے آپ ہی کے

مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا اِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا
لیے ہے اس کا مرنا اور جینا اگر آپ اسے زندہ رکھیں تو اسکی ایسی حفاظت فرمائیے جیسی کہ

تَحۡفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيۡنَ ؕ وَاِنۡ اَمَتَّهَا

آپ اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتے ہیں اور اگر آپ اسے موت دیں

فَاغۡفِرۡ لَهَا وَارۡحَمۡهَا ۞۱۴۴ اَللّٰهُمَّ اَغۡنِنِىۡ بِالۡعِلۡمِ وَ

تو اسے بخش دیجئے اور اس پر رحم فرمایئے۔ یااللہ! آپ میری مدد فرمایئے علم دیکر اور

زَيِّنِّىۡ بِالۡحِلۡمِ ؕ وَاَكۡرِمۡنِىۡ بِالتَّقۡوٰى وَجَمِّلۡنِىۡ

مجھے آراستہ کردیجئے وقار دیکر اور مجھے بزرگی دیجئے تقویٰ (پرہیزگاری) دیکر اور مجھے جمال دیجئے

بِالۡعَافِيَةِ ۞۱۴۵ اَللّٰهُمَّ لَا يُدۡرِكۡنِىۡ زَمَانٌ وَّلَا

امن و چین دے کر۔ یااللہ! مجھے وہ زمانہ نہ پائے اور نہ یہ

يُدۡرِكُوۡا زَمَانًا لَّا يُتَّبَعُ فِيۡهِ الۡعَلِيۡمُ ؕ وَلَا يُسۡتَحۡيٰى

لوگ اس زمانے کو پائیں جس میں نہ صاحب علم کی پیروی کی جائے اور نہ

فِيۡهِ مِنَ الۡحَلِيۡمِ ؕ قُلُوۡبُهُمۡ قُلُوۡبُ الۡاَعَاجِمِ وَ

صاحب حلم (باوقار) کا لحاظ کیا جائے اور انکے دل عجمیوں کے سے ہوں

اَلۡسِنَتُهُمۡ اَلۡسِنَةُ الۡعَرَبِ ۞۱۴۶ اَللّٰهُمَّ اِنِّىۡۤ اَتَّخِذُ

انکی زبانیں اہل عرب کی سی رہ جائیں۔ یااللہ! میں آپ سے وعدہ

عِنۡدَكَ عَهۡدًا لَّنۡ تُخۡلِفَنِيۡهِ ؕ فَاِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ

لیتا ہوں جسے آپ ہر گز نہ توڑیئے کہ میں بھی آخر بشر ہوں

فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ اٰذَيْتُهٗ اَوْ شَتَمْتُهٗ اَوْ جَلَدْتُّهٗ اَوْ

سو جس کسی مسلمان کو میں تکلیف دوں یا اسے برا بھلا کہوں یا اسے ماروں پیٹوں

لَعَنْتُهٗ فَاجْعَلْهَا لَهٗ صَلٰوةً وَّ زَكٰوةً وَّ قُرْبَةً

یا اسے بددعا دوں تو اس (سب) کو آپ اسکے حق میں رحمت اور پاکیزگی کا ذریعہ بنادیجئے جس سے آپ

تُقَرِّبُهٗ بِهَا اِلَيْكَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ

اسکو اپنا مقرب بنائیں۔ یااللہ! میں آپکی پناہ میں آتا ہوں

الْبَرَصِ وَمِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْٓءِ

برص سے اور ضدا ضدی سے اور نفاق سے اور برے

الْاَخْلَاقِ وَمِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ ط اَعُوْذُ بِاللّٰهِ

اخلاق سے اور ہر اس چیز کی برائی سے جو آپکے علم میں ہے میں اللہ کی پناہ میں آتا ہوں

مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ وَمِنَ النَّارِ ط وَمَا قَرَّبَ

اہل دوزخ کے حال سے اور (خود) دوزخ سے اور اس چیز سے

اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ عَمَلٍ وَّمِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ

خواہ وہ قول ہو یا عمل جو اسکے قریب کرے اور پناہ میں آتا ہوں ہر اس چیز کے شر

اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ ط وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ

سے جو آپ کے قبضے میں ہے اور آپکی پناہ میں آتا ہوں ہر اس برائی سے جو

هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهٗ ؕ وَمِنْ شَرِّ نَفْسِىْ

آج کے دن میں ہے اور ہر اس برائی سے جو اسکے بعد ہے اور نفس کی برائی سے

وَشَرِّ الشَّيْطٰنِ وَشِرْكِهٖ ؕ وَاَنْ نَّقْتَرِفَ

اور شیطان کی برائی سے اور شیطان کے شرک سے اور اس سے کہ ہم کسی شر کو اپنے اوپر

عَلٰٓى اَنْفُسِنَا سُوْٓءًا اَوْ نَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ ؕ

لگائیں یا اُسے کسی مسلمان تک پہنچائیں

اَوْ اَكْتَسِبَ خَطِيْٓئَةً اَوْ ذَنْبًا لَّا تَغْفِرُهٗ

یا میں کوئی ایسی خطا یا گناہ کروں جسے آپ نہ بخشیں

وَمِنْ ضِيْقِ الْمَقَامِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ؕ

اور پناہ میں آتا ہوں قیامت کے دن تنگی سے

پانچویں منزل
بروز بدھ

اَلْمَنْزِلُ الْخَامِسُ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ

پانچویں منزل بروز بدھ

۱۴۷ اَللّٰهُمَّ حَصِّنْ فَرْجِيْ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ۝

یااللہ! میری شرمگاہ کو محفوظ کردیجئے اور مجھ پر میرے کام آسان کردیجئے۔

۱۴۸ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ تَمَامَ الْوُضُوْٓءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوةِ وَتَمَامَ رِضْوَانِكَ وَتَمَامَ مَغْفِرَتِكَ ۝

یااللہ! میں آپ سے وضو کا کمال اور نماز کا کمال اور آپکی خوشنودی کا کمال اور آپکی مغفرت کا کمال مانگتا ہوں۔

۱۴۹ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ كِتَابِيْ بِيَمِيْنِيْ ۝ ۱۵۰ اَللّٰهُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِكَ وَجَنِّبْنِيْ عَذَابَكَ ۝

یااللہ! میرا نامہ اعمال میرے داہنے ہاتھ میں دیجئے گا۔ یااللہ! مجھے اپنی رحمت میں ڈھانپ لیجئے اور مجھے اپنے عذاب سے بچائے رکھیئے۔

۱۵۱ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَيَّ يَوْمَ تَزِلُّ فِيْهِ الْاَقْدَامُ ۝ ۱۵۲ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِيْنَ ۝

یااللہ! میرے قدم ثابت رکھیئے جس دن کہ قدم ڈگمگانے لگیں گے یااللہ! ہمیں فلاح یاب بنادیجئے۔

۱۵۳ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِذِكْرِكَ وَ

یااللہ! اپنے ذکر سے ہمارے دلوں کے قفل کھول دیجئے اور

اَتْمِمْ عَلَيْنَا نِعْمَتَكَ وَاَسْبِغْ عَلَيْنَا مِنْ

ہم پر اپنی نعمت کو پورا کر دیجئے اور ہم پر اپنا

فَضْلِكَ وَاجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ

فضل پورا کردیجئے اور ہمیں اپنے نیک بندوں میں

الصّٰلِحِيْنَ ۞ ۱۵۴ اَللّٰهُمَّ اٰتِنِيْ اَفْضَلَ مَا

سے کر لیجئے۔ یااللہ! مجھے وہ سب سے بڑھکر

تُؤْتِيْ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ ۞ ۱۵۵ اَللّٰهُمَّ

دیجئے جو آپ اپنے نیک بندوں کو دیتے ہیں۔ یااللہ مجھے

اَحْيِنِيْ مُسْلِمًا وَّاَمِتْنِيْ مُسْلِمًا ۞ ۱۵۶ اَللّٰهُمَّ

مسلمان ہی زندہ رکھیئے اور مسلمان ہی (رکھ کر) مجھے وفات دیجئے۔ یااللہ!

عَذِّبِ الْكَفَرَةَ وَاَلْقِ فِيْ قُلُوْبِهِمُ

کافروں کو عذاب دیجئے اور ان کے دلوں میں

الرُّعْبَ وَخَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ وَاَنْزِلْ

ہیبت بٹھا دیجئے اور ان کی بات میں اختلاف پیدا کر دیجئے اور ان پر اپنا

عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ ۚ اَللّٰهُمَّ عَذِّبِ

کو کافروں یااللہ! دیجئے۔ کر نازل عذاب و قہر

الْكَفَرَةَ اَهْلَ الْكِتَابِ وَالْمُشْرِكِيْنَ

مشرک یا ہوں کتاب اہل وہ دیجئے عذاب

الَّذِيْنَ يَجْحَدُوْنَ اٰيَاتِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ

جو آپ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں اور آپ کے رسولوں کی

رُسُلَكَ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَ

تکذیب کرتے ہیں اور آپ کی راہ سے (دوسروں) کو روکتے ہیں اور

يَتَعَدَّوْنَ حُدُوْدَكَ وَيَدْعُوْنَ مَعَكَ

آپ کی (مقرر کی ہوئی) حدود سے تجاوز کرتے ہیں اور آپ کے ساتھ کسی اور معبود کو بھی

اِلٰهًا اٰخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

پکارتے ہیں حالانکہ آپ کے سوا کوئی بھی معبود نہیں ہے آپ بابرکت ہیں اور آپ ہر طرح

عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۚ اَللّٰهُمَّ

نہایت درجہ برتر ہیں اس سے جو یہ ظالم کہتے ہیں۔ یااللہ!

اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَ

آپ ہمیں بخش دیجئے اور تمام ایمان والوں اور ایمان والیوں اور

الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط وَاَصْلِحْهُمْ وَ

تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو بخش دیجئے اور انہیں سنوار دیجئے اور

اَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِهِمْ وَاَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ ط

ان کی آپس میں صلح کرا دیجئے اور انکے دلوں میں الفت دے دیجئے

وَاجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ وَالْحِكْمَةَ وَ

اور انکے دلوں میں ایمان اور حکمت رکھ دیجئے اور

ثَبِّتْهُمْ عَلٰی مِلَّةِ رَسُوْلِكَ ط وَاَوْزِعْهُمْ اَنْ

انہیں اپنے رسول کے دین پر ثابت رکھیئے اور انہیں توفیق دیجئے

یَّشْكُرُوْا نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ط وَاَنْ

کہ آپ کی عطا کردہ نعمت کا شکر کرتے رہیں اور جو

یُّوْفُوْا بِعَهْدِكَ الَّذِیْ عَاهَدْتَّهُمْ عَلَیْهِ ط

عہد آپ نے ان سے لیا ہے اسے پورا کرتے رہیں

وَانْصُرْهُمْ عَلٰی عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ ط اِلٰـهَ

اور انہیں اپنے اور ان کے دشمنوں پر غالب رکھیئے اے معبود

الْحَقِّ سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ ط اِغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ ط

برحق! آپ پاک ہیں آپکے سوا کوئی معبود نہیں ہے میرے گناہ بخش دیجئے

وَاَصْلِحْ لِیْ عَمَلِیْ ط اِنَّکَ تَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

اور میرے عمل درست کردیجئے بے شک آپ ہی گناہ بخش دیتے ہیں

لِمَنْ تَشَآءُ ط وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ یَا

جس کے لیے چاہتے ہیں اور آپ ہی مغفرت کرنے والے ہیں رحم کرنے والے ہیں اے

غَفَّارُ اغْفِرْ لِیْ یَا تَوَّابُ تُبْ عَلَیَّ ط یَا رَحْمٰنُ

بخشنے والے مجھے بخش دیجئے اے توبہ قبول کرنے والے میری توبہ قبول کرلیجئے۔ اے بہت زیادہ رحم

ارْحَمْنِیْ یَا عَفُوُّ اعْفُ عَنِّیْ یَا رَءُوْفُ ارْءُفْ

کرنے والے مجھ پر رحم فرمایئے، اے معاف کرنیوالے! مجھے معاف کردیجئے اے مہربان مجھ پر مہربانی کردیجئے

بِیْ ط یَا رَبِّ اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ

اے پروردگار! مجھے اپنی عطا کردہ نعمت کا شکر ادا کرنے کی توفیق

الَّتِیْ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ ط وَطَوِّقْنِیْ حُسْنَ عِبَادَتِکَ ط

عطا فرمایئے اور اچھی طرح اپنی عبادت کرنے کی طاقت دیجئے

یَا رَبِّ اَسْأَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ ط یَا رَبِّ

اے پروردگار! میں آپ سے ہر قسم کی بھلائی مانگتا ہوں اے پروردگار!

افْتَحْ لِیْ بِخَیْرٍ وَّاخْتِمْ لِیْ بِخَیْرٍ ط وَقِنِیْ

میرا آغاز خیر کے ساتھ کردیجئے اور میرا خاتمہ خیر کے ساتھ کردیجئے اور مجھے

السَّيِّاٰتِ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ
برائیوں سے بچالیجئے اور جسے آپ نے اس دن برائیوں سے بچالیا بے شک آپنے
فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۞
اس پر رحم ہی کیا اور یہی تو بڑی کامیابی ہے۔
[۱۵۸] اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الشُّكْرُ كُلُّهٗ ؕ وَ
یااللہ! آپ ہی کے لیے تعریف ہے سب کی سب اور آپ ہی کے لیے شکر ہے سب کا سب اور
لَكَ الْمُلْكُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْخَلْقُ كُلُّهٗ ؕ بِيَدِكَ
آپ ہی کے لیے حکومت ہے سب کی سب اور آپ ہی کے لیے مخلوق ہے سب کی سب آپ ہی کے ہاتھ میں
الْخَيْرُ كُلُّهٗ ؕ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ ؕ
بھلائی ہے سب کی سب اور آپ ہی کی طرف امور لوٹتے ہیں سب کے سب
اَسْأَلُكَ الْخَيْرَ كُلَّهٗ ؕ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ
میں آپ سے بھلائی مانگتا ہوں سب کی سب آپ کی پناہ میں آتا ہوں ساری کی
كُلِّهٖ ۞ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ ۞
ساری برائیوں سے اس اللہ کے نام (کی برکت) سے جسکے سوا کوئی معبود نہیں۔
اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّى الْهَمَّ وَالْحُزْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ
یااللہ! مجھ سے فکر اور غم دور فرمادیجئے۔ یااللہ! میں

بِحَمْدِكَ انْصَرَفْتُ وَبِذَنْبِي اعْتَرَفْتُ ۞

آپ ہی کی حمد کے ساتھ چلتا پھرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِلٰهِي وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيمَ وَاِسْحٰقَ [۱۵۹]

یااللہ! میرے معبود اور ابراہیمؑ و اسحاقؑ

وَيَعْقُوبَ وَاِلٰهَ جِبْرَئِيلَ وَمِيكَائِيلَ

اور یعقوبؑ کے معبود اور جبرئیل و میکائیل

وَاِسْرَافِيلَ اَسْأَلُكَ اَنْ تَسْتَجِيبَ دَعْوَتِي

اور اسرافیل کے معبود! میں آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ میری دُعا قبول فرمائیے

فَاَنَا مُضْطَرٌّ وَتَعْصِمَنِي فِي دِيْنِي فَاِنِّي

کہ میں بے قرار ہوں اور مجھے میرے دین کے بارے میں محفوظ رکھیئے کہ میں

مُبْتَلًى وَتَنَالَنِي بِرَحْمَتِكَ فَاِنِّي مُذْنِبٌ

بلا میں پڑا ہوا ہوں اور اپنی رحمت میرے شامل حال رکھیئے کہ میں گناہ گار ہوں

وَتَنْفِيَ عَنِّي الْفَقْرَ فَاِنِّي مُتَمَسْكِنٌ ۞ [۱۶۰] اَللّٰهُمَّ

اور مجھ سے محتاجی دور کر دیجئے کہ میں بے کس ہوں۔ یااللہ!

اِنِّي اَسْأَلُكَ بِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْكَ فَاِنَّ

میں آپ سے ہر اس حق کے ذریعے مانگتا ہوں جو سائلوں کا آپ پر ہے کیونکہ

لِلسَّآئِلِ عَلَيْكَ حَقًّا اَيُّمَا عَبْدٍ اَوْ اَمَةٍ

سائلوں کا آپ کے اوپر حق ہے کہ خشکی اور تری کے جس کسی بھی غلام

مِّنْ اَهْلِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَقَبَّلْتَ دَعْوَتَهُمْ

یا باندی کی دعا آپ نے قبول کی ہو تو ہمیں

وَاسْتَجَبْتَ دُعَآءَهُمْ اَنْ تُشْرِكَنَا فِيْ صَالِحِ

ان اچھی دعاؤں میں شریک کر دیجئے

مَا يَدْعُوْنَكَ فِيْهِ وَاَنْ تُشْرِكَهُمْ فِيْ صَالِحِ

جو وہ آپ سے مانگیں اور آپ انہیں ان اچھی دعاؤں میں شریک کر دیجئے

مَا نَدْعُوْكَ فِيْهِ وَاَنْ تُعَافِيَنَا وَاِيَّاهُمْ وَ

جو ہم آپ سے مانگیں اور یہ کہ آپ ہمیں اور انہیں چین و سکھ

اَنْ تَقْبَلَ مِنَّا وَمِنْهُمْ وَاَنْ تَجَاوَزَ عَنَّا وَ

دیجئے اور یہ کہ آپ ہماری اور انکی دعائیں قبول کر لیجئے اور یہ کہ

عَنْهُمْ فَاِنَّنَا اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا

آپ ہم سے اور ان سے درگذر کر دیجئے بے شک ہم ایمان لائے اس پر جو آپ نے اتارا ہے اور

الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ (۱۶۱) اَللّٰهُمَّ

ہم نے رسول کی پیروی کی پس ہمیں بھی شہادت دینے والوں میں لکھ لیجئے ۔یااللہ!

اٰتِ مُحَمَّدَ نِ الْوَسِيْلَةَ وَاجْعَلْ فِى الْمُصْطَفِيْنَ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مقام وسیلہ عنایت فرمادیجئے اور برگزیدہ لوگوں میں

مَحَبَّتَهٗ ط وَفِى الْاَعْلَيْنَ دَرَجَتَهٗ وَفِى الْمُقَرَّبِيْنَ

انکی محبوبیت فرما دیجئے اور ان کا رُتبہ عالی لوگوں میں اور ان کا ذکر اہل تقرب

ذِكْرَهٗ ؕ١٦٢ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ مِنْ عِنْدِكَ وَ

میں کر دیجئے۔ یااللہ! مجھے اپنے ہاں (پاس) سے ہدایت نصیب کر دیجئے اور

اَفِضْ عَلَىَّ مِنْ فَضْلِكَ ط وَاَسْبِغْ عَلَىَّ مِنْ

مجھے اپنے فضل و کرم سے مستفید کیجئے اور مجھ پر اپنی رحمت

رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَىَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ ؕ١٦٣ اَللّٰهُمَّ

کامل کر دیجئے اور مجھ پر اپنی برکتیں نازل کر دیجئے۔ یااللہ!

اغْفِرْ لِىْ وَارْحَمْنِىْ وَتُبْ عَلَىَّ ط اِنَّكَ اَنْتَ

مجھے بخش دیجئے اور مجھ پر رحم فرمایئے اور میری توبہ قبول کیجئے کیونکہ آپ ہی بڑے توبہ

التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ؕ١٦٤ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْاَلُكَ

قبول کرنے والے ہیں اور بڑے رحم والے ہیں۔ یااللہ میں آپ سے

تَوْفِيْقَ اَهْلِ الْهُدٰى ط وَاَعْمَالَ اَهْلِ

اہل ہدایت کی توفیق مانگتا ہوں اور اہل یقین کے سے اعمال

الْيَقِيْنِ وَمُنَاصَحَةَ اَهْلِ التَّوْبَةِ ط وَعَزْمَ

مانگتا ہوں اور اہل توبہ کا سا اخلاص اور اہل صبر

اَهْلِ الصَّبْرِ وَجِدَّ اَهْلِ الْخَشْيَةِ ط وَطَلَبَ

کی سی ہمت اور اہل خوف کی سی کوشش اور

اَهْلِ الرَّغْبَةِ وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ ط وَعِرْفَانَ

اہل شوق کی سی طلب اور اہل تقویٰ کی سی عبادت اور اہل علم کی سی معرفت

اَهْلِ الْعِلْمِ حَتّٰى اَلْقَاكَ ۱۶۵ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ

(مانگتا ہوں) یہاں تک کہ میں آپ سے مل جاؤں (یعنی جب موت آجائے)۔ یااللہ! میں آپ سے

مَخَافَةً تَحْجُزُنِىْ عَنْ مَّعَاصِيْكَ ط حَتّٰى اَعْمَلَ

وہ خوف مانگتا ہوں جو مجھے آپ کی نافرمانیوں سے روک دے تاکہ میں آپکی

بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ بِهٖ رِضَاكَ ط وَحَتّٰى

طاعت کے لیے ایسے عمل کروں جن سے میں آپکی خوشنودی کا مستحق ہوجاؤں اور تاکہ میں

اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ خَوْفًا مِّنْكَ ط وَحَتّٰى

آپ سے ڈر کر آپ کے سامنے خالص توبہ کروں اور تاکہ آپ سے

اُخْلِصَ لَكَ النَّصِيْحَةَ حَيَاءً مِّنْكَ ط وَحَتّٰى

شرما کر آپکے روبرو خلوص کو صاف رکھوں اور تاکہ

اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ فِى الْاُمُوْرِ كُلِّهَا ۝ وَحُسْنَ

تمام کاموں میں آپ پر بھروسہ کروں اور آپکے ساتھ حسن ظن

ظَنٍّۢ بِكَ سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ ۞ اَللّٰهُمَّ

(نیک گمان) کو طلب کرتا ہوں پاک ہے اے نور کے پیدا کرنے والے یااللہ ہمیں

لَا تُهْلِكْنَا فُجَاءَةً وَّلَا تَاْخُذْنَا بَغْتَةً ۝ وَلَا

ناگہاں ہلاک نہ کیجئے اور نہ ہمیں اچانک پکڑیئے اور نہ ہمیں کسی

تُغْفِلْنَا عَنْ حَقٍّ وَّلَا وَصِيَّةٍ ۞ اَللّٰهُمَّ اٰنِسْ

حق اور وصیت کی طرف سے غافل کیجئے۔ یااللہ! میری قبر میں

وَحْشَتِىْ فِىْ قَبْرِىْ ۞ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِىْ بِالْقُرْاٰنِ

وحشت کی جگہ اُنس پیدا کر دیجئے مجھ پر قرآن عظیم کے طفیل رحم فرما دیجئے

الْعَظِيْمِ ۝ وَاجْعَلْهُ لِىْ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّهُدًى

اور اسے (قرآن کو) میرے حق میں رہبر اور نور اور ہدایت

وَّرَحْمَةً ۞ اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْنِىْ مِنْهُ مَا نَسِيْتُ ۝

اور رحمت بنا دیجئے۔ یااللہ! میں اس (قرآن) میں سے جو کچھ بھول گیا ہوں

وَعَلِّمْنِىْ مِنْهُ مَا جَهِلْتُ ۝ وَارْزُقْنِىْ تِلَاوَتَهٗ

وہ مجھے یاد کرا دیجئے اور اسمیں سے جو کچھ میں نہیں جانتا وہ مجھے سکھا دیجئے اور مجھے

اٰنَاۤءَ الَّيْلِ وَاٰنَاۤءَ النَّهَارِ ۖ وَاجْعَلْهُ لِيْ

دن رات کے اوقات میں اسکی تلاوت نصیب کیجئے اور اسے میرے لیے

حُجَّةً يَّارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ ۱۶۷ اَللّٰهُمَّ اَنَا عَبْدُكَ

حجت بنادیجئے اے پروردگارِ عالم۔ یااللہ! میں آپ کا بندہ ہوں

وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ ۖ

اور آپکے بندہ اور بندی کا بیٹا ہوں ہمہ تن آپ ہی کی مٹھی میں ہوں

اَتَقَلَّبُ فِيْ قَبْضَتِكَ وَاُصَدِّقُ بِلِقَآئِكَ ۖ وَ

آپکے قبضے میں چلتا پھرتا ہوں اور آپ سے ملنے کی تصدیق کرتا ہوں

اُوْمِنُ بِوَعْدِكَ اَمَرْتَنِيْ ۖ فَعَصَيْتُ وَنَهَيْتَنِيْ ۖ

اور آپ کے وعدہ پر یقین رکھتا ہوں آپ نے مجھے حکم دیا لیکن میں نے نافرمانی کی اور آپ نے مجھے روکا

فَاَتَيْتُ هٰذَا مَكَانُ الْعَآئِذِ بِكَ مِنَ النَّارِ ۖ

لیکن میں نے اس کا ارتکاب کیا (اور نہ مانا) یہ جگہ آپ کے ذریعے دوزخ سے پناہ لینے کی ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ

کوئی معبود نہیں ہے سوائے آپکے آپ پاک ہیں میں نے اپنی جان پر ظلم کیا

فَاغْفِرْلِيْ ۖ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ۞

پس مجھے بخش دیجئے کیونکہ آپ کے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔

١٦٨ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ وَاِلَيْكَ الْمُشْتَكٰى ؕ وَ

یااللہ! یہ تعریف آپ ہی کو زیبا ہے اور آپ ہی سے شکایت چاہیئے اور

بِكَ الْمُسْتَغَاثُ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ ؕ وَ

آپ ہی سے فریاد چاہیئے (یعنی آپ ہی فریاد اور شکایت کیے جانے کے لائق ہیں) اور مدد آپ ہی سے طلب کیے جانے

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

کے قابل ہے اور نہ کوئی بچاؤ ہے (گناہ سے) اور نہ کوئی قوت ہے (عبادت کی) سوائے اللہ کے۔ یااللہ! میں آپکی

اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ ؕ وَبِمُعَافَاتِكَ

ناخوشی سے آپ کی رضا کی پناہ میں آتا ہوں اور آپ کے عذاب سے آپ کے عفو کی

مِنْ عُقُوْبَتِكَ ؕ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَآ اُحْصِيْ

پناہ میں آتا ہوں اور آپ کی پناہ میں آتا ہوں خود آپ سے میں آپکی تعریف پوری

ثَنَآءً عَلَيْكَ ؕ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ ؕ

طرح کر ہی نہیں سکتا آپ تو اسی تعریف کے لائق ہیں جو آپ نے خود اپنی ذات کی، کی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ نَّزِلَّ اَوْ

یااللہ! ہم آپکی پناہ میں آتے ہیں اس سے کہ ہم ڈگمگا جائیں یا

نُزِلَّ ؕ اَوْ نَضِلَّ اَوْ نَظْلِمَ اَوْ يُظْلَمَ عَلَيْنَا ؕ اَوْ

کسی کو ڈگمگائیں یا ہم کسی کو گمراہ کریں یا ہم کسی پر ظلم کریں یا کوئی ہم پر ظلم کرے یا ہم

نَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيْنَا ط اَوْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ ط

جہالت کریں یا کوئی ہم سے جہالت کرے یا میں گمراہ ہوں یا کوئی مجھے گمراہ کرے

اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِىْ اَضَاءَتْ

میں آپ کی ذاتِ گرامی کے نور کی پناہ میں آتا ہوں جس نے آسمانوں کو

لَهُ السَّمٰوٰتُ وَاَشْرَقَتْ لَهُ الظُّلُمَاتُ ط

روشن کررکھا ہے اور اس سے ظلمتیں چمک اٹھتی ہیں

وَصَلُحَ عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط اَنْ

اور اس سے دنیا و آخرت کے کام درست ہیں (اور پناہ چاہتا ہوں) اس امر سے

تُحِلَّ عَلَيَّ غَضَبَكَ وَتُنْزِلَ عَلَيَّ سَخَطَكَ ط

کہ آپ مجھ پر اپنا غصہ اتاریں اور آپ مجھ پر اپنی ناخوشی نازل کریں

وَلَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى ط وَلَا حَوْلَ وَ

اور (بلاشبہ) آپ حقدار ہیں کہ آپ منائے جائیں یہاں تک کہ آپ راضی ہوجائیں اور نہ کوئی بچاؤ (گناہ سے) ہے اور

لَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ وَاقِيَةً كَوَاقِيَةِ

نہ کوئی طاقت (عبادت کی) ہے مگر آپکی مدد سے۔ یااللہ! میں نگہبانی چاہتا ہوں بچہ کی سی

الْوَلِيْدِ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ

نگہبانی۔ یااللہ! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں

اَلْاَعْمَیَیْنِ السَّیْلِ وَالْبَعِیْرِ الصَّؤُوْلِ ۝

دو اندھی برائیوں یعنی سیلاب اور حملہ آور اونٹ کے شر سے

چھٹی منزل
بروزِ جمعرات
٨٩

اَلْمَنْزِلُ السَّادِسُ یَوْمَ الْخَمِیْسِ

چھٹی　منزل　بروز　جمعرات

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْأَلُكَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیِّكَ وَاِبْرَاهِیْمَ [۱۶۹]

یااللہ! میں آپ سے درخواست کرتا ہوں محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے طفیل جو آپکے نبی ہیں اور

خَلِیْلِكَ وَمُوْسٰی نَجِیِّكَ وَعِیْسٰی رُوْحِكَ

ابراہیم (علیہ السلام) کے طفیل جوآپ کے خلیل ہیں اور باطفیل موسیٰ (علیہ السلام) جوآپکے کلیم ہیں اور باطفیل عیسیٰ (علیہ السلام) جو

وَکَلِمَتِكَ وَبِکَلَامِ مُوْسٰی وَاِنْجِیْلِ

روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں اور باطفیل کلام (حضرت) موسیٰ (علیہ السلام) اور باطفیل انجیل (حضرت)

عِیْسٰی وَزَبُوْرِ دَاوٗدَ وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی

عیسیٰ (علیہ السلام) اور باطفیل زبور (حضرت) داؤد (علیہ السلام) اور باطفیل فرقان

اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَبِکُلِّ وَحْیٍ اَوْحَیْتَهٗ

(حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے اور ہر اس وحی کے طفیل جسے آپنے بھیجا ہو

اَوْ قَضَآءٍ قَضَیْتَهٗ اَوْ سَآئِلٍ اَعْطَیْتَهٗ

یا ہر اس حکم کے طفیل جسے آپ نے جاری کیا ہو اور ہر اس سائل کے طفیل جسے آپنے دیا ہو

اَوْ فَقِيْرٍ اَغْنَيْتَهٗ اَوْ غَنِيٍّ اَفْقَرْتَهٗ اَوْ

اور ہر (اُس) محتاج کے طفیل جسکو آپ نے تونگر کیا ہو اور ہر اس تونگر کے طفیل جسے آپنے محتاج کردیا ہو اور

ضَآلٍّ هَدَيْتَهٗ ط وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ

ہر گمراہ کے جسے آپ نے ہدایت دے دی ہو اور میں آپ سے درخواست کرتا ہوں آپکے ہر اس نام کے طفیل

وَضَعْتَهٗ عَلَى الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ ط وَعَلَى

جسکو آپ نے زمین پر رکھا (تو) وہ ٹھہر گئی اور

السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ ط وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ ط

آسمانوں پر رکھا (تو) وہ قرار پکڑ گئے اور پہاڑوں پر رکھا تو وہ جم گئے

وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِیْ اسْتَقَرَّ بِهٖ

اور میں آپ سے درخواست کرتا ہوں اس نام کے طفیل جس سے آپ کا

عَرْشُكَ ط وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ

عرش ٹھہرا ہوا ہے اور میں آپ سے درخواست کرتا ہوں آپ کے اس نام کے طفیل جو پاک ہے اور ستھرا ہے

الْمُنَزَّلِ فِیْ كِتَابِكَ مِنْ لَّدُنْكَ ط وَبِاسْمِكَ

اور آپکی کتاب میں آپکے پاس سے نازل ہوا ہے اور درخواست کرتا ہوں آپکے اس نام کے

الَّذِیْ وَضَعْتَهٗ عَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ ط وَعَلَى

طفیل جسے آپ نے دن پر رکھا تو وہ روشن ہوگیا اور

اللَّيْلِ فَاظْلَمَ ط وَبِعَظَمَتِكَ وَكِبْرِيَائِكَ وَ

رات پر رکھا تو وہ اندھیری ہوگئی اور (درخواست کرتا ہوں) آپکی عظمت اور بڑائی کے طفیل اور

بِنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تَرْزُقَنِيَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ط

آپکی ذات کے نور کے طفیل کہ آپ مجھے قرآن عظیم نصیب فرمائیں

وَتُخَلِّطَهٗ بِلَحْمِيْ وَدَمِيْ وَسَمْعِيْ وَ

اور اُسے میرے گوشت میں اور میرے خون میں اور میری شنوائی میں اور

بَصَرِيْ ط وَتَسْتَعْمِلَ بِهٖ جَسَدِيْ بِحَوْلِكَ

میری بینائی میں پیوست فرما دیجئے اور اپنی قدرت اور قوت سے میرے جسم کو

وَقُوَّتِكَ ط فَاِنَّهٗ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ ۞

اس (قرآن) پر عامل بنا دیجئے بیشک نہ کوئی بچاؤ (معصیت) سے ہے اور نہ کوئی قوت (طاعت ہی کی) مگر آپکے ذریعے۔

اَللّٰهُمَّ لَا تُؤْمِنَّا مَكْرَكَ ط وَلَا تُنْسِنَا ذِكْرَكَ ط

یااللہ! آپ ہمیں اپنی خفیہ گرفت سے بے فکر نہ کیجئے اور اپنی یاد سے ہمیں

وَلَا تَهْتِكْ عَنَّا سِتْرَكَ ط وَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ

غافل نہ ہونے دیجئے اور نہ ہماری پردہ دری کیجئے اور ہمیں

الْغَافِلِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ تَعْجِيْلَ

غافلوں میں سے نہ بنائیے۔ یااللہ! میں آپ سے جلد ملنے والی عافیت مانگتا ہوں

عَافِيَتِكَ وَدَفْعَ بَلَآئِكَ وَخُرُوجًا مِّنَ

اور بلا کی دوری طلب کرتا ہوں اور دنیا سے آپکی رحمت کی

الدُّنْيَا اِلٰى رَحْمَتِكَ يَا مَنْ يَّكْفِىْ عَنْ كُلِّ

جانب منتقل ہونا مانگتا ہوں اے وہ ذات جو سب کے عوض

اَحَدٍ وَّلَا يَكْفِىْ مِنْهُ اَحَدٌ يَا اَحَدُ مَنْ لَّآ

کافی ہے اور کوئی بھی کافی نہیں ہے اسکے عوض۔ اے سب کچھ بے کسوں کے،

اَحَدَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهُ انْقَطَعَ

اے سہارے بے سہاروں کے، امیدیں منقطع ہوچکی ہیں

الرَّجَآءُ اِلَّا مِنْكَ نَجِّنِىْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ وَاَعِنِّىْ

مگر آپ سے، مجھے نجات دیجئے اس حال سے جس میں میں ہوں

عَلٰى مَا اَنَا عَلَيْهِ مِمَّا نَزَلَ بِىْ بِجَاهِ وَجْهِكَ

اور جو بلا کہ نازل ہو چکی ہے اسکے مقابلے میں میری مدد کیجئے صدقے اپنی ذات کے اور

الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ

محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے اس حق کے طفیل جو آپ پر ہے آمین۔ یااللہ!

احْرُسْنِىْ بِعَيْنِكَ الَّتِىْ لَا تَنَامُ وَاكْنُفْنِىْ

میری نگہبانی کیجئے اس آنکھ سے جو کبھی سوتی نہیں اور مجھے اپنی قوت کی آڑ

بِرُكْنِكَ الَّذِىْ لَا يُرَامُ ط وَارْحَمْنِىْ بِقُدْرَتِكَ

میں لے لیجئے جسکے پاس کوئی پھٹک نہیں سکتا اور مجھ پر اپنی اس قدرت سے رحم کیجئے

عَلَىَّ فَلَآ اَهْلِكَ وَاَنْتَ رَجَآئِىْ ط فَكَمْ مِّنْ

جو آپ کو مجھ پر حاصل ہے تاکہ میں ہلاک نہ ہوں اور آپ میری امید گاہ ہیں کتنی ہی

نِّعْمَةٍ اَنْعَمْتَ بِهَا عَلَىَّ قَلَّ لَكَ بِهَا شُكْرِىْ ط

نعمتیں آپ نے مجھے دیں اور میرا ان کے لیے شکر کم ہی رہا

وَكَمْ مِّنْ بَلِيَّةٍ اِبْتَلَيْتَنِىْ بِهَا قَلَّ لَكَ بِهَا

اور کتنی مصیبتیں ہیں جن میں آپ نے مجھے مبتلا کیا اور میرا صبر ان پر

صَبْرِىْ ط فَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ نِعْمَتِهٖ شُكْرِىْ ط

کم رہا لہٰذا اے وہ (ذات) کہ اسکی نعمت کے وقت میرا شکر کم رہا

فَلَمْ يَحْرِمْنِىْ وَيَا مَنْ قَلَّ عِنْدَ بَلِيَّتِهٖ

پھر بھی اس نے مجھے محروم نہ کیا اور اے وہ (ذات) کہ اس کے ابتلا کے وقت

صَبْرِىْ ط فَلَمْ يَخْذُلْنِىْ وَيَا مَنْ رَّاٰنِىْ عَلَى

میرا صبرکم رہا پھر بھی اس نے میرا ساتھ نہ چھوڑا اور اے وہ (ذات)

الْخَطَايَا فَلَمْ يَفْضَحْنِىْ ۞ يَا ذَا الْمَعْرُوْفِ

کہ جس نے مجھے گناہوں پر دیکھا پھر بھی رسوانہ کیا۔ اے ایسے احسان والے (مولا) جس کا

الَّذِیْ لَا یَنْقَضِیْ اَبَدًا ط وَیَاذَا النَّعْمَآءِ الَّتِیْ

احسان کبھی ختم نہ ہو اور اے ایسی نعمتوں والے آقا جسکی نعمتیں کبھی شمار نہ ہوسکیں

لَا تُحْصٰی اَبَدًا ط اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ

